**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPTT**
**CANTONMENT BOARD MURREE HILLS**
**Tele: 051-9269212 E-mial: cbmurreehills@gmail.com**
**Pindi Point Murree**

No. G-S2/Staff/1192 Dated 24th June, 2026

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department (PID),
B.F Building Zero Point, Islamabad.

**Subject:** **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

| | | |
|---|---|---|
| i. | Date of Publication | on or before 27 -06-2026 |
| ii. | Number of insertion | One (01) |
| iii. | Newspaper (National Dailies) | 02 (Urdu) 01 (English) |
| iv. | Region | Rawalpindi |
| v. | Language | Urdu & English |

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: (As above)

**Cantonment Executive Officer**
**Murree Hills**

**Copy to:-**

**i.** Dy. Director I &III Pub Regulatory Authority,
1st floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

**ii.** Master File

# کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

## شاندار نیلام عام حقوق کرایہ داری

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کینٹ ایریا میں واقع مال روڈ نزد ملینیم مال 16 عدد سٹال بنی بنائی کے حقوق کرایہ داری عرصہ 01 سال کے لئے نیلام کرنا چاہتا ہے۔ نیلامی مورخہ 14 جولائی 2026ء بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں ہوگی۔ عدم انعقاد کی صورت میں بولی دوبارہ مورخہ 15 جولائی 2026ء بوقت 11 بجے دن ہوگی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد/کمپنیز کو نیلامی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

شرائط نیلام:

۱۔ مدت نیلامی عرصہ 01 سال کے لئے ہوگی۔ مدت ختم ہونے سے پندرہ دن پہلے سٹال کینٹ بورڈ کے حوالے کرنا ہوگی۔

۲۔ کیبن کا سائز 4x5 فٹ ہے اور کیبن/سٹال میں Repair/Maintenance کی تمام تر ذمہ داری کیبن لینے والے پر ہوگی۔

۳۔ کرایہ دار کیبن/سٹال سے باہر سامان نہ رکھنے کا پابند ہوگا۔ اور اگر اس دوران سامان باہر رکھتے ہوئے پایا گیا تو کینٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کیبن کی منظوری کینسل کردے، جس پر کیبن والے کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

۴۔ نیلامی شروع ہونے سے پہلے ہر بولی دہندہ کو کال ڈیپازٹ/نقد مبلغ ایک لاکھ روپے (100,000/-) دفتر کینٹ بورڈ مری ہلز میں جمع کرانا ہوگی۔

۵۔ نیلامی میں شامل ہونے والا نیلامی سے قبل اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرے گا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کو سالانہ کرائے کا 1/4th حصہ اور انکم ٹیکس موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ بقایا رقم بولی بورڈ سے منظوری ہونے کے بعد چار اقساط میں جمع کروانا ہوگا۔

۷۔ کرایہ دار کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کرنے پر زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کرایہ داری/ٹھیکہ کینسل کردے اور جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۸۔ نادہندہ فرمز یا اشخاص کو مذکورہ بالا نیلام میں شریک ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اور جن فرمز یا اشخاص کا کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کے ساتھ کسی بھی عدالت میں کسی قسم کا مقدمہ زیر سماعت ہو تو وہ بھی بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

۹۔ انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر مری ہلز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وجہ بتا کر کسی بھی بولی کو مسترد کردے۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ دفتر کینٹ بورڈ مری ہلز سے NOC لے کر اپنے خرچہ پر بجلی اور پانی کا بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ کامیاب بولہ دہندہ 07 یوم کے اندر مبلغ 1200/- روپے کے اسٹام پیپر پر کینٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۳۔ مزید معلومات دفتری اوقات کار کے دوران ان نمبرز: 051-9269212 یا 0348-1834977 پر معلوم کرسکتے ہیں۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

مری ہلز